۰۷,۱۰,۲۰۱۷

یورپی یونین ترکی ڈیل اور ۲۰ سال کے بعد جزیروں پر آمد۔

جائزہ

یورپی یونین ترکی کا ۱۸ مارچ ۲۰۱٦ کا بیان یورپی یونین کونسل کے سربراہ اور حکومت کی طرف سے جاری ایک اخباری بیان تھا؛ یہ قانون سازی نہیں ہے اور نہ ہی نئے قانون سازی کے لئے ایک رسمی تجویز ہے۔

لہٰذا، یہ یورپی یونین کے قانون کو تبدیل نہیں کر سکتا ہے اور نہ ہی یہ آپ کے حقوق کو تبدیل کر سکتا ہے، بلکہ صرف طریقہ کار تبدیل ہو گا۔

انسانی حقوق کے نقطہ نظر سے یورپی یونین اور ترکی کے معاہدے کے ساتھ اہم مسئلہ یہ ہے کہ یہ پناہ گزینوں اور پناہ کے متلاشیوں کے لئے عمومی طور پر **ایک محفوظ تیسرا ملک** ہونے کے تعین پر منحصر ہے، **جو کہ حقائق پر مبنی دلائل کے خلاف ہیں**، اور یورپی یونین کے دستور (خصوصاً ۲۰۱۳ کے پناہ گزینوں کی کاروائیوں سے متعلق ہدایات کے آرٹیکل ۳۵ اور ۳۸ کی رو سے) یہ بات قانونی حیثیت نہیں رکھتی، اور ۱٤٦ **بین الاقوامی حقوق انسانی کی تنظیموں کے ذریعہ اس کی مذمت کی گئی ہے۔**

تاہم، یورپی یونین- ترکی کے بیان کے مطابق، یہ کاروائیاں مستعمل ہے، اور ہمیں اپنی تیاری کو ممکنہ حد تک جاری رکھنا ہو گا اور اس کے بعد اس بات کی امید کرنی ہو گی کہ ہر ایک معاملہ کو انفرادی بنیاد پر غور کیا جائے گا۔

---

https://www.fidh.org/en/international-advocacy/european-union/resolution-on-migrant-s-rights-in-the-european-union

عام سوالات اور جوابات.

سوال: "میں یونانی جزیرہ میں ترکی سے آیا ہوں، میرے ساتھ کیا ہو گا؟"

جواب: اگر آپ سرحد پہنچ گئے تو، آپ کے آنے کے بعد پہلے چند گھنٹوں میں، فرنٹیکس (Frontex) عام طور پر آپ کے ساتھ ایک تفتیش برائے معلومات انٹرویو منعقد کرے گا۔ یہ انٹرویو فرنٹیکس (Frontex) کے لیے اسمگلروں اور ان کے راستوں اور نیٹ ورکوں کے بارے میں معلومات جمع کرنے کے لیے ہے۔

اگرچہ آپ پناہ طلب کرنے کے لئے یورپ میں جانے کے لیے پولیس اور سرکاری حکام سے اپنے آپ کو چھپا رہے ہیں، اب یہ واضح طور پر آپ کے بہترین مفاد میں ہے کہ آپ جلد از جلد ممکنہ موقع پر اپنے پناہ گزین کا دعوی درج کریں۔

ابتدائی طور پر آپ کو ایک 'ہاٹ اسپاٹ' کے طور پر معروف استقبالیہ اور شناخت کے مرکز میں لے جایا جائے گا تاکہ آپ کی شناخت اور قومیت کی توثیق کی جا سکے اور آپ کا اندراج کیا جا سکے، اور یونان کی موجودہ پناہ گزین کے طریقہ کار کے مطابق آپ کے پناہ گزین کے دعوی کے بارے میں فیصلہ کیا جا سکے۔ استقبالیہ اور شناختی مرکز (RICS) یا 'ہاٹ اسپاٹ' میں شرائط انتہائی ناقص ہیں.

استقبالیہ اور شناختی مرکز یا 'ہاٹ اسپاٹ' چیوس، سموس، لیسواس، کوس اور لیرس کے جزائر میں ہیں۔

اگر آپ کسی دوسرے جزیرہ پر پہنچ جاتے ہیں جہاں ان کے پاس استقبالیہ کی سہولیات نہیں ہیں تو آپ کو 'ہاٹ اسپاٹ' منتقل کرنے سے قبل ایک مدت تک حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔

سوال: " استقبالیہ اور شناختی مرکز / ہاٹ اسپاٹ میں کیا ہوتا ہے؟ "

جواب: سب سے پہلے، آپ کی شناخت کو ریکارڈ کرنے کے لئے آپ کو **"قومیت کی اسکریننگ"** اور فنگر پرنٹنگ کے لیے پیش کیا جائے گا جو کہ یورپی یونین **Eucador ڈیٹا بیس میں داخلے کا پہلا نقطہ ہے۔**

اس قومیت کی اسکریننگ کو فرنٹیکس (Frontex) اور پولیس کے ذریعہ انجام دیا جائے گا۔ اگر آپ کے پاس اپنی قومیت ثابت کرنے کے لئے دستاویزات نہیں ہیں تو آپ کو زبان، جغرافیہ، تاریخ، اور رواجوں پر مشتمل سوالات کا ایک سیٹ پوچھا جائے گا۔ تاکہ اس بات کا تعین کیا جا سکے کہ آیا اپنی قومیت کے بارے میں آپ جو دعوی کرتے ہیں، وہ صحیح ہے یا غلط

۱۴ سے کم عمر والے بچوں کا فنگر پرنٹ نہیں لیا جاتا ہے۔

سوال: "اس کے بعد کیا ہوگا ؟"

جواب: اگلا مرحلہ استقبال اور شناخت سروس کے ذریعہ **"استقبال اور شناختی خدمت کا عمل"** ہے۔

اس طریقہ کار میں شامل ہیں:

- آپ کے نام، عمر اور جنس کا اندراج۔
- ڈیٹا کی تصدیق
- طبی اسکریننگ
- عمر کی تصدیق
- پناہ گزیں کے دعوی کا آپ کا ارادہ اس مرحلے میں ریکارڈ کیا جانا چاہیے۔
- مل کر سفر کرنے والے خاندان کے ممبران جن کے معاملات کو مشترکہ شامل کرنا چاہیے، ان کی اس مرحلے میں شناخت ہونا چاہیے۔
- خطرے سے دوچار معاملات کی اس مرحلے میں شناخت کی جاتی ہے ۔
- **آپ اگر نابالغ ہیں (۱۸سال سے کم عمر ہیں) تو اس بات کو یقینی بنانا انتہائی اہم ہے کہ آپ کی عمر کا صحیح طور پر اندراج کیا گیا ہے** اور اپنے پہلے رجسٹریشن کاغذات پر ہی اسے درست کرنے کے لیے اصرار کریں، کیونکہ اس کے بعد درست کروانا تقریباً ناممکن ہے۔
- اس مرحلے پر آپ کی شہریت کی تصدیق کی جائے گی، اس بات کو یقینی بنانا واقعی اہم ہے کہ آپ کی دستاویزات پر آپ کی قومیت درست طور پر درج کی گئی ہے۔

اس بات کی پڑتال کرنا یقینی بنائیں کہ آپ سے متعلق جن معلومات کو حکام رجسٹریشن کے دوران لکھ رہے ہیں وہ درست اور مکمل ہے، اور کسی بھی ایسی چیز پر دستخط نہ کریں، جسے آپ اچھی طرح نہ سمجھتے ہوں۔

اگر آپ کی ذاتی تفصیلات پہلی بارغلط طور پر رجسٹرڈ کی گئی تھی تو اس سے آپ کی درخواست میں تاخیر ہو سکتی ہے ، یا یہ کہ آپ کے لیے بعد میں بہت زیادہ مشکلات کا سبب بن سکتا ہے۔

مفسرین کی فراہمی ضروری ہے۔ اگر رجسٹریشن متعین کو ایک ایسی زبان میں انجام دیا جائے جسے آپ مکمل طور پر نہیں سمجھتے ہوں تو اسے قبول نہ کریں۔ **اس کاروائی کے دوران آپ کو آپ کے پولیس رجسٹریشن کاغذات دیے جائیں گے۔ آپ کاغذات سے محروم نہیں ہوں گے۔ اپنے موبائل فون پر تصاویر لے کر ان کی نقول بنائیں اور انہیں اپنے آپ کو بھیج دیں تاکہ وہ آن لائن محفوظ رہیں اور آپ کا فون گم ہونے کی صورت میں بھی آپ انہیں بازیاب کر سکتے ہیں۔**

سوال: "مجھے استقبالیہ اور شناخت مرکز/ہاٹ سپاٹ میں حراست میں کیوں لیا جا رہا ہے؟"

جواب۔ یورپی یونین اور ترکی کے درمیان ایک ڈیل کے بعد بڑی تعداد میں پناہ گزینوں کی آمد کے بعد نئی کاروائیوں کو مرتب کیا گیا ہے، تاکہ حکام کو درج ذیل امور کے تعلق سے مدد مل سکے:

۱ ۔ جو لوگ پناہ کا دعویٰ نہیں کر رہے ہیں ان کی شناخت کرنے اور انہیں واپس بھیجنے کے لیے

۲. اس بات کا معائنہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ کو دوبارہ ترکی میں داخل کیا جائے یا آیا آپ کو وہاں پر کافی تحفظ ملا ہے۔

۳ ۔ اس بات کا فیصلہ کریں کہ آیا آپ کے پناہ کے دعویٰ کی سماعت یونان میں باقاعدگی سے، سرحدی، فاسٹ ٹریک، تیزی سے یا ڈبلن کے طریقہ کار کے تحت کی جائے گی۔ جس کاروائی کے تحت آپ کے معاملہ کا معائنہ کیا جائے گا یہ آپ کے حالات پر منحصر ہے۔

یہ طریقہ کار زیادہ تر استقبالیہ اور شناخت کے مراکز/ہاٹ اسپاٹ میں واقع ہوگا۔

اس کے نتیجہ میں خطرہ سے دوچار لوگوں، بچوں اور خاندانی مکرر یکجائی کے لئے قبول کردہ خاندانوں کو یونان کی براعظم میں منتقل کیا جائے گا، لیکن عموماً ان کے مکمل طور پر رجسٹر ہونے سے پہلے نہیں۔

سوال:" مجھے کب یہ کہنا ہوگا کہ میں خطرے سے دوچار ہوں"؟
جواب: اگر آپ اپنے آپ کو خاص طور پر خطرے سے دوچار تصور کریں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ رجسٹریشن کی تمام کاروائیوں کے دوران ممکنہ حد تک جلد از جلد اس کا ذکر کریں۔

اگر آپ کے پاس کسی جسمانی یا نفسیاتی بیماری کے دستاویزی ثبوت ہیں تو, برائے مہربانی انہیں حکام کے سامنے پیش کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس نقول موجود ہیں۔

سوال: "کسے غیر محفوظ تصور کیا جاتا ہے"؟
جواب:

- تنہا بچے
- معذور افراد یا غیر علاج شدہ یا شدید طور پر بیمار لوگ
- عمر رسیدہ افراد (۶۵ سال سے زیادہ)
- حاملہ عورتیں یا وہ عورتیں جنہوں نے حال ہی میں (گزشتہ ۳ ماہ کے اندر) بچہ کو جنم دیا ہے
- ۱۸ سال سے کم عمر کے بچوں والے تنہا والدین کے خاندان
- تشدد، عصمت دری یا دیگر قسم کی نفسیاتی، جسمانی یا جنسی تشدد اور استحصال کے شکار لوگ
- مابعد صدمہ والی علامات رکھنے والے اشخاص، خصوصاً جہاز کے ٹوٹنے کے بعد بچ نکلنے والے لوگ یا اس کے شکار لوگوں کے رشتہ دار
- انسانی غلامی یا انسانی اسمگلنگ کے متاثرین

مبہم صورتوں میں، ای اے ایس او آپ کی ذاتی خطرہ سے دوچار ہونے کی تشخیص کے ماہر سے آپ کی ضروریات کا جائزہ لینے یا آپ کے خطرے سے دوچار ہونے کی توثیق کرنے کی درخواست کر سکتی ہے۔ آپ تشخیص اور جائزے کے لیے میڈیسنس سانس فرنٹئیر (Medicins Sans Frontiere)، وکلا، ماہر نفسیات ، وغیرہ سے بھی پوچھ سکتے ہیں ۔

اس اندراج کے مرحلے میں، آپ کو سب سے پہلے یہ بھی بتانا چاہیے کہ آپ ایک خاندان کے فرد (شریک حیات یا ایک بچہ جو ۱۸ سے کم عمر کا ہو) کے ساتھ ملنا چاہتے ہیں جو یونان میں یا کسی دوسرے یورپی (خاندانی مکرر یکجائی) ملک میں رہائش پذیر ہے ۔

سوال: " اس کے بعد کیا ہو گا"؟

جواب۔ آپ کو **اندراج** کے لیے ایک تاریخ دی جائے گی یونان کی پناہ سروس کے ساتھ جہاں آپ بالآخر **اپنی پناہ کے دعوی کی درخواست دیں گے۔** یہ رجسٹری ملاقات پناہ کی درخواست کے رسمی طریقہ کار کی شروعات ہے یا اگر آپ اہل ہیں تو خاندانی مکرر یکجائی کے عمل کا آغاز ہے ۔

آپ کے فنگر پرنٹ اور تفصیلات دوبارہ لیے جائیں گے ۔

اس ملاقات میں آپ کا رجسٹریشن کارڈ آپ کو دیا جائے گا ۔ اپنا رجسٹری کارڈ **گم نا کریں** اور آپ جہاں پر بھی جائیں اپنا رجسٹریشن کارڈ اپنے ساتھ لے جائیں اس صورت میں کہ کہیں گم نا ہو جاۓ، رجسٹریشن کارڈ کی ایک تصویر لیں اور خود کو بھیج دیں ۔



Όνομα πατέρα/ Father's name
Όνομα μητέρας/ Mother's name
Ημερομηνία γέννησης/Date of birth
Τόπος γέννησης/Place of birth
Υπηκοότητα/Nationality
Διεύθυνση διαμονής/Residence address
ΑΘΗΝΑ, ΑΘΗΝΩΝ /
Όνομα/ Name
Επώνυμο/ Surname
Ημερομηνία έκδοσης/Date of issue
10/06/2013
Ημερομηνία Υποβολής αιτήματος/Date of application
10/06/2013
Αριθ. Υπ./Case No:
Αριθ. Δελτίου/Card No:
Ημερ. συνέντευξης ή εξέτασης προσφυγής/
Date of interview or examination of appeal
17/06/2013
Ημερομηνία λήξης/Date of expiry
10/09/2013
Υπογραφή αιτούντος Υπογραφή υπαλλήλου
signatures

سوال.رجسٹری کے بعد کیا ہوتا ہے؟

جواب. رجسٹریشن کے بعد، بالآخر ہر شخص کا ایک ذاتی انٹرویو ہو گا ، لیکن انٹرویو کی قسم پر منحصر ہے:

- 'آپ کی ملک پیدائش،'
- آپ کی ترکی میں یا دوسری جگھوں پرکیا قانونی حیثیت تھی
- آیا آپ کے یورپ میں دوسری جگھوں پر قریبی خاندان ہیں
- آیا آپ کو غیر محفوظ کا درجہ دیا جا سکتا ہے ۔

اس بات کو یقینی بنانا بے حد ضروری ہے کہ آپ کو معلوم ہو کہ کون سے انٹرویو میں شرکت کرنے کے لیے کہا جا رہا ہے ۔ تاکہ آپ صحیح طور پر تیاری کر سکیں ۔

آپ کے لیے اگر یہ نا قابل فہم ہے کہ کس قسم کا انٹرویو میں آپ کو شریک ہونے کے لیے کہا جا رہا ہے تو ، برائے مہربانی جزائر پر موجود کسی بھی قانونی ٹیم سے مشورہ طلب کریں ۔ یونانی کونسل برائے مہاجرین، میتادراسی، یو این ایچ سی آر یا کسی وکیل سے ۔

.سوال: میں اگر خاندانی مکرر یکجائی کے لئے اہل ہوں تو میرا کس قسم کا انٹرویو ہو گا ؟

جواب. خاندانی مکرر یکجائی کے مقدمات کی جانچ ڈبلن طریقہ کار کے تحت ڈبلن کے کسی ایک یونٹ پر کی جائے گی۔ آپ کو پناہ کے لیے انٹرویو سے نہیں گزرنا ہو گا کیونکہ آپ یونان میں پناہ کی درخواست نہیں کر رہے ہیں۔ اس کے بجائے آپ کا انٹرویو تفصیلات کے تعین کرنے اور آپ کے خاندانی مکرر یکجائی کے مقدمہ کو حل کرنے کے لیے کیا جائے گا ۔

جب آپ یونان میں ایک مکمل طور پر اندراج شدہ پناہ گزین ہیں اور آپ کے ایک قریبی خاندانی رکن قانونی طور پر دوسرے یورپی یونین ملک میں رہائش پذیر ہیں، تو آپ کی درخواست خود بہ خود ڈبلن سوم ریگولیشن کے تحت اس ملک میں منتقل ہو جائے گی ۔ فی‌الحال، ڈبلن خاندانی مکرر یکجائی کے مقدمات کو 'قابل قبول' قرار دیا جاتا ہے (غور کیے بغیر کہ آیا ان صورتوں میں ترکی تیسری دنیا کی ایک محفوظ ملک ہو سکتا ہے) ۔ خاندانی مکرر یکجائی بد قسمتی سے صرف بہت قریبی خاندان کے اراکین - میاں بیوی اور ۱۸ سے کم عمر کے بچوں کے والدین کے لئے لاگو ہوتا ہے ۔ آپ کو یونان میں سیاسی پناہ انٹرویو سے نہیں گزرنا ہو گا ۔

خاندانی مکرر یکجائی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے یہاں دیکھیں:

یہاں ہمارے یو ٹیوب چینل پر فلمیں موجود ہیں ۔

سوال: میں غیر محفوظ درجہ پر مقرر نہیں کیا گیا ہوں اور اس لیے خاندانی مکرر یکجائی کے معیار پر پورا اترتا ہوں ۔ اب آگے کیا ہوگا؟

جواب. آپ اگر غیر محفوظ کے درجہ پر مقرر نہیں کیے گیے ہیں اور خاندانی مکرر یکجائی کے ایک اور یورپی یونین کے رکن ریاست کے لیے اہل نہیں ہیں، تو آپ کو یونان میں بین الاقوامی تحفظ کی تشخیص کے لیے ایک انٹرویو سے گزرنا ہو گا ۔

اندراج پر، یونانی حکام یورپی پناہ شناسی کی شرح کا استعمال کرتا ہے، اس کا تعون کرنے کے لیے کہ آپ کا کس قسم کا انٹرویو ہو گا۔ یہ اس پر منحصر ہے کہ آیا وہ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کسی ایسے ملک سے آتے ہیں جہاں آپ جنگ یا سزا کے ڈر سے زیادہ خطرے میں ہیں یا آیا آپ کسی ایسے ملک سے آتے ہیں جو کم خطرناک ہے۔

زیادہ اور کم خطرہ والی قومیت کا جائزہ لینے کے لیے، وہ درج ذیل چارٹ کا استعمال کرتے ہیں، یہ دیکھنے کے لیے کہ باقی یورپ نے کس طرح اپنے فیصلے کیے ہیں۔

یورپی شناسی کی شرح ۔

1st Instance Procedures - Recognition Rates (%) [3] (Countries with more than 100 Decisions in substance)			
10 Countries of Origin with the highest recognition rates		10 Countries of Origin with the lowest recognition rates	
SYRIA	99.5%	EGYPT	6.4%
PALESTINE	93.2%	BANGLADESH	3.6%
STATELESS	85.1%	INDIA	3.3%
ERITREA	84.1%	PAKISTAN	2.2%
SOMALIA	76.0%	ALGERIA	2.2%
IRAQ	72.8%	SENEGAL	1.1%
AFGHANISTAN	63.6%	ARMENIA	0.7%
SUDAN	59.0%	GHANA	0.6%
ETHIOPIA	55.9%	ALBANIA	0.2%
IRAN	54.1%	GEORGIA	0.0%

لہذا، جیسا کہ آپ چارٹ کے بائیں جانب کے اعداد و شمار سے دیکھ سکتے ہیں، کہ یوروب میں پناہ حاصل کرنے والے افراد کی ایک بڑی فیصد سیریا، فلسطین، بے ریاست کے لوگ، سومالیا، عراق، افغانستان، سوڈان، ایتھوپیا اور ایران سے ہیں۔ یہ وہ قومیت ہیں جن کی **شناخت کی شرح زیادہ ہے۔**

چارٹ کے دائیں جانب پر آپ دیکھ سکتے ہیں کہ دوسرے ممالک سے موجود ایک کم فیصد لوگوں کی تعداد کو یورپ میں پناہ دی گئی ہے ۔ یہ وہ قومیت ہیں جن کی **شناخت کی شرح کم   ہے۔**

وہ افراد جن کی **شناخت کی شرح 'کم' ہے** مختلف طریقہ کار کے تابع ہیں بہ نسبت ان لوگوں کے جن کی شناخت کی سشح زیادہ ہے ۔ زیل کے سادہ فلو چارٹس کو دیکھیں یہ جاننے کے لیے کہ کون سا طریقہ کار آپ پر لاگو ہوتا ہے ۔

آپ کا ایک **'قبولیت'** کا انٹرویو ہوگا یہ طے کرنے کے لیے کہ آیا آپ کے دعوے کی درخواست کی جانچ یونان، ترکی یا کسی دوسرے ملک میں کی جانی چاہئے اگر:

- آپ ایک ایسے ملک سے ہیں جہاں پر **تسلیم کی شرح زیادہ ہے**
- آپ غیر محفوظ درجہ پر فائز نہیں ہیں
- آپ خاندانی مکرر یکجائی کے لئے اہل نہیں ہیں

آپ کا دعوی اگر **ناجائز ہے** تو آپ لازمی اپیل کریں ۔

آپ کا دعوی اگر جائز ہے تو آپ کا ایک دوسرا انٹرویو ہوگا یہ طے کرنے کے لیے کہ آیا آپ یونان میں پناہ کے لیے اہل ہیں، اسے اہلیتی یا اساسی انٹرویو کہتے ہیں۔

آپ کا ایک اہلیتی انٹرویو ہوگا (جسے ذاتی یا لیاقت پر بھی کہا جاتا ہے) اگر:

- آپ ایک ایسے ملک سے ہیں جہاں پر **تسلیم کی شرح کم ہے**

کچھ کم شناسی قومیت کے لوگوں کی جانچ شاید بہت جلد کی جا سکتی ہے (١٤ دن کے اندر اندر.) ایک وکیل تلاش کرنا، آپ کو اپنی اپیل کی درخواست دینا اور اس کے لیے تیاری کرنے میں بہت کم وقت رہ جاتا ہے ۔

براۓ مہربانی درج ذیل چارٹ کا ملاحظہ کریں اس طریقہ کار کو بہتر طور پر سمجھنے اور شناخت کرنے کے لیے کہ عمل کے کون سے حصہ میں آپ ہیں ۔

سیاسی پناہ کی ضرورت شامی، افغانی، عراقی اور ان ممالک سے دیگر افراد کے لیے ہیں جن کی شناخت کی شرح زیادہ ہے:

پہلی رجسٹری

نام، قومیت، خاندانی اراکین
زد پذیری کی اسکریننگ

مکمل رجسٹری

مکمل رجسٹریشن یا اپنی پناہ کی اندراج کا دعویٰ ہے ۔
دوسرے یورپی یونین (EU) ملک جانے کے مقصد سے ڈبلن خاندانی مکرر یکجائی کی درخواست دینے کے لیے، پہلے آپ کو یونان میں مکمل طور پر درج شدہ ہونا ہو گا۔
آپ کا ایک مختصر رجسٹریشن انٹرویو ہوگا لیکن اس مرحلے پر کوئی فیصلہ نہیں لیا جاتا ہے ۔

قبولیت کی انٹرویو

'قبولیت' کا مطلب ہے کہ آیا پناہ کے لیے آپ کی درخواست کی عمل کاری یونان، یا کسی اور ملک میں کرنا چاہیے۔
اس میں یہ بات شامل ہے کہ آیا ترکی آپ کے لیے ایک محفوظ ملک ہے، آیا آپ غیر محفوظ ہیں اور آیا کسی دوسرے یورپی یونین ملک میں آپ کے خاندان کے افراد رہتے ہیں۔
یہ وہ مرحلہ ہے جس میں اکثر لوگ مسترد کیے جاتے ہیں، اس لیے یہ بے حد اہم ہے کہ آپ اس انٹرویو کے متعلق معلومات حاصل کریں اور اگر آپ نے اس سے قبل انٹرویو نہیں دیا تھا ، تو اس کی تیاری کریں۔

اہلیت ہونے کا انٹرویو

آپ اگر قبولیت کے انٹرویو میں کامیاب ہو جاتے ہیں، تب آپ کے اہل ہونے کا انٹرویو ہو گا۔
اہلیت کا انٹرویو آپ کے پناہ کے لیے دعویٰ سے متعلق ہے ، کہ آپ کو کس وجہ سے اپنا ملک چھوڑنا پڑا تھا اور آپ کو پناہ کی ضرورت کیوں ہے۔
آپ کو اگر کسی دوسرے یورپی یونین (EU) ملک میں خاندانی مکرر یکجائی حاصل ہوتا ہے تو بعد میں وہاں پر پناہ کے لیے آپ کا اہلیتی انٹرویو لیا جائے گا۔

اپیل - اپیلز کمیٹی

آپ کو اگر قبولیت یا اہلیتی مرحلہ پر مسترد کیا جاتا ہے، تو آپ کو اپیل کرنا چاہیے۔
پہلی اپیل کا مرحلہ انتظامی اپیلز کمیٹی کے طرف ہے۔
آپ اس مرحلہ میں ایک وکیل مفت میں حاصل کر سکتے ہیں، جسے حکومت کے ذریعہ ادائیگی کی جاتی ہے۔
آپ کے لیے یہ اہم ہے کہ ایک وکیل کے ساتھ اپنے مقدمہ پر تفصیلی گفتگو کریں، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے پہلے انٹرویو میں کوئی بھی متعلقہ حقائق جو چھوٹ گئے ہوں درخواست کے فائل میں شامل ہیں۔

اپیل - انتظامی عدالت

آپ اگر اب بھی اپیلز کمیٹی کے ذریعہ مسترد کیے جاتے ہیں تو، عدالتی اپیلوں کے متعدد مزید ممکنہ مرحلے موجود ہیں۔ پہلی عدالتی اپیل کا مرحلہ انتظامی عدالت کی طرف ہے۔ قانونی امداد فراہم کرنے والی غیر سرکاری تنظیمیں بعض عدالتی اپیل کے مقدمات کے لیے مالی معاونت کر رہی ہیں، لیکن صرف واضح مقدمات میں۔
عدالتی اپیلوں کے اگلے ممکنہ مرحلوں میں شامل ہیں: یونان کی سرکاری کونسل (گریک کونسل آف اسٹیٹ)، یورپی عدالت برائے انسانی حقوق ۔ آپ کا وکیل آپ کو مشورہ دے گا کہ مزید اپیل کی کوشش فائدہ مند ہے یا نہیں۔

پاکستانی، مراقشی اور پناہ کی ضرورت رکھنے والے کے طور پر ادنیٰ تسلیم شدہ شرح رکھنے والے دیگر ممالک کے لوگ:

پہلی رجسٹری

نام، قومیت، خاندانی اراکین
زِد پذیری کی اسکریننگ

مکمل رجسٹری

آپ کے پناہ کے دعوی کی رجسٹری۔
کسی دوسرے یورپی یونین (EU) ملک جانے کے غرض سے ڈبلن خاندانی مکرر یکجائی کی درخواست دینے کے لیے، پہلے آپ کو یونان میں مکمل طور پر رجسٹرڈ ہونے کی ضرورت ہو گی ۔
ایک مختصر انٹرویو (عموماً تقریباً ٣٠ منٹ)، لیکن کوئی فیصلہ اس مرحلہ میں نہیں لیا گیا ہے۔

انٹرویو کی اہلیت

اہلیتی انٹرویو پناہ کے لیے آپ کے دعویٰ سے متعلق ہے کہ آپ کو کس وجہ سے اپنا ملک چھوڑنا پڑا تھا اور آپ بین الاقوامی تحفظ کے لیے کیوں دعویٰ کر رہے ہیں۔
آپ کو اگر کسی دوسرے یورپی یونین (EU) ملک میں خاندانی مکرر یکجائی حاصل ہوتا ہے تب وہاں پر آپ کا پناہ کے لیے اہلیتی انٹرویو لیا جائے گا۔

اپیل - اپیلز کمیٹی

آپ کے دعویٰ کو اگر مسترد کیا جائے تو آپ کو اپیل کرنا ہو گا۔
پہلی اپیل کا مرحلہ انتظامی اپیلز کمیٹی کے پاس ہے۔
آپ اس مرحلہ میں ایک وکیل مفت میں حاصل کر سکتے ہیں، جسے حکومت کے ذریعہ ادائیگی کی جاتی ہے۔
آپ کے لیے یہ اہم ہے کہ ایک وکیل کے ساتھ اپنے معاملے پر تفصیلی گفتگو کریں، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے پچھلے انٹرویو میں کوئی بھی متعلقہ حقائق چھوٹ گئے ہوں درخواست کے فائل میں شامل ہیں۔

اپیل - انتظامی عدالت

آپ کو اگر اب بھی اپیلز کمیٹی کے ذریعہ مسترد کیا جائے تو عدالتی اپیلوں کے متعدد مزید ممکنہ مرحلے موجود ہیں۔ پہلی عدالتی اپیل کا مرحلہ انتظامی عدالت کے پاس ہے۔ قانونی امداد فراہم کرنے والی غیر سرکاری تنظیمیں بعض عدالتی اپیل کے معاملات کے لیے مالی معاونت کر رہی ہیں، لیکن صرف واضح معاملات میں۔
عدالتی اپیلوں کے اگلے ممکنہ مرحلوں میں درج ذیل شامل ہیں: یونان کی سرکاری کونسل (گریک کونسل آف اسٹیٹ)، یورپی عدالت برائے انسانی حقوق۔ آپ کا وکیل آپ کو مشورہ دے گا کہ مزید اپیل کرنے کی کوشش فائدہ مند ہے یا نہیں۔

ہر شخص کو، چاہے ان کا اصل ملک کوئی بھی ہو پناہ طلب کرنے کا حق حاصل ہے .

سوال: "اگر مجھے قبولیت یا اہلیت پر منفی فیصلہ ملے تو کیا مجھے اپیل کرنے کی اجازت ہے؟"
جواب: اگر آپ کو مسترد کیے جانے کا فیصلہ موصول ہو تو آپ کو اپیل کرنا ہوگا۔ اپیل درج کرنے کے لیے اس علاقائی پناہ گزیں دفتر جائیں جہاں سے آپ کو فیصلہ موصول ہوا تھا اور ایک اپیل فارم پُر کریں۔ اگر آپ قید میں ہوں تو ، آپ اپنی اپیل درج کروانے میں اپنی مدد کے لئے ایک وکیل کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ کو مفت قانونی امداد کا حق حاصل ہے اور یونانی پناہ خدمت یا ای ایس او آپ کو مشورہ کے لئے وکلا کی ایک فہرست فراہم کرے گا۔ وکلا کے ساتھ معاونتی ایجنسیوں کی ایک فہرست بھی ہے یہاں:

چونکہ آخری تاریخ بہت مختصر (۵ دن) ہے اور چونکہ یونان میں قانونی امداد کے وکلاء بہت کم ہیں، اس لیے یہاں آپ کو اپنی اپیل کے سلسلہ میں مدد کے لیے فوری طور پر ایک وکیل تلاش کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو وکیل نہ ملے تو **تاخیر نہ کریں،** اس بات کا مشورہ دیا جاتا ہے کہ نوٹیفکیشن موصول ہونے کے بعد آپ جلد از جلد خود ہی اپیل درج کریں، اور پھر اپنی مدد کے لیے ایک ماہر پناہ گزیں وکیل کی خدمت حاصل کریں۔

اپیل کرنے کے طریقہ کے بارے میں تین زبانوں میں فلمیں مل سکتی ہیں یہاں۔

سوال: کیا مجھے باہر نکلنے اور یونانی براعظم میں جانے کی اجازت دی جائے گی؟

جواب: عام طور پر، آپ کو جزیرہ پر رہنا ہوگا اور خصوصی اجازت کے بغیر **جزیرہ نہیں چھوڑنا ہوگا۔** اگر آپ سر زمین پر جائیں تو بد قسمتی سے وہاں پر آپ کو 'غیر قانونی' سمجھا جائے گا **اور** آپ براعظم میں رجسٹر نہیں کر سکیں گے، جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو پناہ، منتقلی، یا خاندانی مکرر یکجائی تک رسائی حاصل نہیں ہو گی یا آپ صحت، تعلیم، یا نقد فوائد تک رسائی حاصل نہیں کر سکیں گے، **اور** آپ کو گرفتار کیا جا سکتا ہے اور جزیرہ پر واپس بھیجا جا سکتا ہے۔

تاہم، کچھ لوگوں کو مختلف وجوہات کی بنا پر، خصوصی اجازت دی جا سکتی ہے، مثال کے طور پر، غیر محفوظ معاملات، تنہا بچوں کی رہائش کی سرزمین میں منتقلی، لوگوں کو برے اعظم میں انٹرویوز میں شرکت یا اسپتال جانے کے لیے خصوصی اجازت دی جائے، ڈبلن III ضابطہ اصول کے تحت اہل خاندانی مکرر یکجائی سے باہر نکلنے کے لیے، آپ کو خصوصی کاغذات **ضرور** حاصل کر نے ہوں گے جو یہ کہتے ہوں کہ 'جغرافیائی پابندیوں کے بغیر جلاوطنی کے فیصلہ کی معطلی' یا 'جلاوطنی کی تنسیخ' کاغذات . اپنا پناہ کے متلاشی کا کارڈ اپنے ساتھ رکھنا یقینی بنائیں۔

اگر آپ کے رجسٹریشن کاغذ یا کارڈ پر کوئی جغرافیائی پابندی عائد ہو تو آپ کو جزیرہ پر رہنا ہوگا۔

اپنے انٹرویو کے لیے تیاری

اپنے پناہ کے انٹرویو کے لیے انتظار کے دوران، قانونی معلومات اور معاونت کو حاصل کرنے کے لیے فعال طور پر اپنا وقت گزارنا اور اپنے انٹرویو کے لیے تیاری کرنا اہم ہے۔

قبولیت کے انٹرویو کے لیے تیاری کے طریقہ سے متعلق معلومات کے لیے، برائے مہربانی یہاں پر جائیں:

اگر آپ ایک جزیرہ پر پہنچے ہیں اور آپ کا قبولیت کا انٹرویو ہو گیا ہو اور آپ کے دعویٰ کو قابل قبول تصور کیا گیا ہو تو اس کے بعد یونان میں پناہ کے لیے، آپ کا ایک اصل یا اہلیتی انٹرویو ہوگا۔ یہ گائیڈ باقاعدہ اہلیت کے انٹرویو کی تیاری کے لئے بھی آپ کی مدد کرے گا۔

اہلیتی/اصل/استحقاق کے انٹرویو کی تیاری کے طریقہ کار پر معلومات یہاں ہے:

اپیل کرنے کے طریقہ کے بارے میں فلمیں تین زبانوں میں مل سکتی ہے یہاں۔

آپ ہمارا راہنما استعمال کرتے ہوئے اپنے آپ کو اپنے انٹرویو کے لیے تیار کرنے میں اپنی مدد کر سکتے ہیں:

http://refucomm.com/infopacks/greek-islands/preparing-for-your-asylum-interview/how-to-write-your-asylum-claim/ur/greek-islands_preparing-for-your-asylum-interview_how-to-write-your-asylum-claim_UR.pdf

دیگر کسی چیزوں کے مقابلہ میں، انٹرویو کے لیے تیاری کو اپنی ترجیح بنائیں۔

سوال: "اگر میں اپنے اصل ملک واپس لوٹنا چاہوں تو کیا ہوگا؟"

جواب: کچھ ملکوں کے شہری اپنے اصل ملک یا ترکی واپس جانے کا رضاکارانہ طور پر انتخاب کر سکتے ہیں ۔ برائے مہربانی اس کے لیے اپنی التجا کے طور پر درخواست کرنے سے پہلے دھیان کے ساتھ سوچیں۔

رضا کارانہ واپسی پر تفصیلات یہاں ہے:

http://refucomm.com/infopacks/greece-mainland/assisted-voluntary-returns/overview/multilingual/greece-mainland_assisted-voluntary-returns_overview_MULTILINGUAL.pdf

http://refucomm.com/infopacks/greek-islands/assisted-voluntary-returns/assisted-voluntary-returns/ur/greek-islands_assisted-voluntary-returns_assisted-voluntary-returns_UR.pdf

سوال: "مجھے اپنے وطن/ترکی، واپس جانے کے لیے مجبور کیا جا رہا ہے، میں کہاں پر اس کی رپورٹ کر سکتا ہوں؟"

ترکی میں موجود تنظیموں سے متعلق مفید معلومات والی یہ ایک دستاویز ہے، جو ہماری ویب سائٹ پر آٹھ زبانوں میں آپ کی مدد کر سکتی ہے اور آپ کو جلاوطنی سے متعلق مشورہ دے سکتی ہے۔

سوال: ' میں کاروائیوں کے متعلق جزیروں میں کس سے بات کر سکتا ہوں؟"

یونان کے ہر ایک جزیرہ اور علاقے میں یو این ایچ سی آر کے ذریعہ متعینہ ایک باضابطہ حفاظتی ورکنگ گروپ اور ہر ایک علاقہ میں ایک غیر سرکارتنظیم موجود ہوگی، جو بنیادی قانونی مدد فراہم کرنے کے لیے متعین کردہ اور مالی طور پر معاونت کردہ ہوگی۔ اگر آپ استقبالیہ کے مرکز میں پوچھیں تو آپ کو ان کے پاس بھیجا جائے گا۔ بنیادی قانونی مدد فراہم کرنے والی غیر سرکاری تنظیم Metadrasi یا جی سی آر (گریک کونسل فار رفیوجیز) ہو سکتی ہے جو کہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ کہاں پر ہیں۔

یاد رکھیں کہ آپ کو اپنے معاملہ پر لاگو ہونے والی کاروائیوں سے متعلق پر معلومات کا حق حاصل ہے، لیکن آپ کو جی اے ایس یا ای اے ایس او یا ہاٹ اسپاٹ کے پولیس سے دریافت کرنا ہوگا کہ وہ آپ کو یہ معلومات فراہم کر نے کے لیے وکلاء کا حوالہ دیں۔

اگر آپ کے ساتھ ان کارروائیوں سے باہر کچھ پیش آئے جو آپ کو سمجھ میں نہ آئے تو برائے مہربانی ، ہمیں اس کے بارے میں مطلع کریں۔

www.refucomm.org ہمیں ای میل کریں: refucomm@gmail.com